تعارف و تبصرہ کتب

جناب اختر راہی ایم۔ اے

اربعین نووی (مترجم) | مؤلف: امام یحییٰ نووی ؒ - مرتبین: حافظ نذر احمد و عزیز زبیدی۔
ناشر: مسلم اکادمی۔ نذر منزل ۲۹/۱۸ محمد نگر۔ لاہور۔ کتابت و طباعت عمدہ - قیمت ۱/۵۰ روپے،
صفحات: ۹۶ ——— صحیح مسلم کے شارح اور مشہور فقیہ امام یحییٰ نووی ؒ کی اربعین یعنی چالیس احادیث کے انتخاب کا اردو ترجمہ مع متن عربی پیش نظر ہے۔ مرتبین نے طلبہ کی ضرورت کے پیش نظر سلیس ترجمے کے ساتھ ساتھ مشکل الفاظ کی تشریح کی ہے اور خلاصہ مطالب بھی پیش کیا ہے۔

آغاز کتاب میں امام نووی ؒ کے حالات زندگی، تاریخ اربعین، حدیث کی اہمیت، تاریخ حدیث اور اصول حدیث پر جچے تلے انداز میں گفتگو کی گئی ہے۔ اپنے اپنے ذوق نظر کے مطابق مختلف حضرات نے "اربعین" مرتب کی ہے۔ شاہ ولی اللہ ؒ نے چالیس احادیث کا انتخاب کیا تھا۔ مرتبین نے ان کے تذکرے میں لکھا ہے: "قرآن کریم کا پہلا فارسی ترجمہ آپ نے کیا۔" یہ بیان درست نہیں۔ شاہ صاحب سے پہلے کم و بیش ۳۵ تراجم و تفاسیر قرآن فارسی زبان میں موجود تھے۔ البتہ یہ کہنا موزوں ہے کہ شاہ صاحب کے ترجمے کو جو قبول عام حاصل ہوا وہ کسی دوسرے فارسی ترجمہ قرآن کو حاصل نہ ہو سکا ——— کتاب ہر لحاظ سے قابل مطالعہ ہے۔ اور خاص طور پر طلبہ کی جملہ ضروریات پوری کرتی ہے۔ مسلم اکادمی کے علاوہ نور سنز قصہ خوانی بازار پشاور سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے۔

ہم ماتم کیوں نہیں کرتے؟ | مؤلف: قاضی مظہر حسین - ناشر: مجلس خدام اہلسنت والجماعت چکوال ضلع جہلم۔ قیمت: ۵۰ پیسے، صفحات: ۳۲، قاضی مظہر حسین صاحب کا یہ کتابچہ شیعہ نقطۂ نظر سے لکھے گئے ایک پمفلٹ "ہم ماتم کیوں کرتے ہیں" کا جواب ہے۔ قاضی صاحب نے پہلے تو قائلین ماتم کے دلائل کا پوسٹ مارٹم کیا ہے۔ اور پھر قرآن و سنت اور کتب شیعہ سے ثابت کیا ہے کہ مروجہ ماتم کے لئے اسلام میں کوئی گنجائش نہیں۔